## سوال

(13) سید عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ حنبلی مقلد تھے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کو حنبلی کہنا غلطی ہے ۔ امام شعرانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ولی مقلد نہیں ہوتا ۔ علاوہ ازیں وہ دو اماموں کے مذہب پر فتویٰ دیتے تھے ۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ وہ تقلید شخصی کے قائل نہیں تھے ۔ بلکہ دلیل کی رو سے جس کا مذہب راجح قرار پاتے اس پر فتویٰ دیتے اور امام احمد رحمہ اللہ کے مذہب پر خاتمہ کا یہ مطلب ہے کہ اہل حدیث کے مذہب پر خاتمہ کر ۔ کیونکہ امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب اوروں کی نسبت قرآن وحدیث کے زیادہ قریب ہے نیز وہ اصل اہل حدیث تھے ۔ اس لئے شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے انصاف میں ان کو محقق اہل سنت شمار کیا ہے ۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد01**